لاہور — (اسٹاف رپورٹر) پنجاب میں قائم شدہ نااہلی کے پانچ ٹریبونلوں نے جن پندرہ سیاستدانوں کو تمام الزامات سے بری قرار دیا تھا ان میں سے بیشتر کے خلاف مزید عوامی شکایات موصول ہونے پر پولیس اور فوج کے متعلقہ شعبوں نے مزید تحقیقات شروع کر دی ہے۔ تحقیقات مکمل ہونے پر اگر ضرورت محسوس کی گئی تو ان کے مقدمات دوبارہ نااہلی کے ٹریبونلوں کو بھیج دیے جائیں گے یا خبر رساں ایجنسی کے مطابق نااہلی کے ٹریبونلوں کو جو مقدمات نظرثانی کے لیے بھیجے جائیں گے اگر ان کی باقاعدہ سماعت کے بعد بری ہونے والے سیاستدانوں کو نااہل قرار دے دیا گیا تو پھر ان کے خلاف ثابت شدہ الزامات کی تحقیقات انسداد رشوت ستانی کے متعلقہ اداروں کے ذمہ داری کے طریقہ کار کی بنیاد پر کرائی جائے گی اور حالات ان کو سمری ملٹری ٹریبونلوں میں سے کسی ایک کے سامنے پیش کر دیا جائے گا جنہیں نااہل اور بدعنوان سیاستدانوں کو نہ صرف جرمانہ اور قید کی سزا دینے کا اختیار ہے بلکہ ان کی وہ جائیداد بھی ضبط کی جا سکے گی جو انہوں نے اپنی سرکاری حیثیت کا ناجائز فائدہ اٹھا کر بنائی ہے۔ ان تین سمری ملٹری ٹریبونلوں کے قیام کا رسمی اعلان جلد ہی متوقع ہے ہر سمری ملٹری ٹریبونل فوج کے ایک لیفٹیننٹ کرنل پر مشتمل ہو گا۔

جنرل ضیاء الحق اسی ماہ چین جائیں گے

سرینگر — [illegible] نامہ نگار کی اطلاع کے مطابق چین کی کمیونسٹ پارٹی کے چیئرمین ہوا کوفینگ نے پاکستان کے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ضیاء الحق کو چین کے دورے اور ضروری بات چیت کے لیے پیکنگ آنے کی دعوت دی ہے نامہ نگار نے انٹیلی جنس کی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ چیئرمین ہوا کوفینگ کا خط جنرل ضیاء الحق کو ایران جانے سے پہلے گذشتہ ہفتے بھیجا گیا اور امکان ہے کہ جنرل ضیاء اسی ماہ چین کا دورہ کریں گے۔

پاکستانی سفیروں کی متعدد اسامیاں خالی ہیں

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) [illegible] اہم ملک میں پاکستانی سفیروں کی اسامیاں خالی پڑی ہیں اور انہیں پر کرنے کے لیے کوئی اقدام نہیں کیا گیا [illegible] پاکستان کے سفیر [illegible] اس سال جون میں ختم ہو گئی تھی [illegible] سفیر نہیں بھیجا گیا [illegible] پاکستان کا کوئی سفیر مقرر نہیں کیا گیا کینیڈا، ہالینڈ، ڈنمارک، سوئٹزرلینڈ، چیکوسلواکیہ، شمالی کوریا، برما، ویت نام، نیپال، ملائیشیا، کینیا اور بعض دوسرے اہم ملکوں میں بھی پاکستانی سفیروں کی اسامیاں خالی پڑی ہیں۔

صدر فضل الٰہی کی سبکدوشی پر بی بی سی کا تبصرہ

اسلام آباد — (بی بی سی) برطانوی نشریاتی ادارے نے صدر پاکستان مسٹر فضل الٰہی چوہدری کی سبکدوشی کی خبر کو ان کے استعفے کا رنگ دینے کی کوشش کی ہے اور اپنی سابق روایات کے مطابق اس پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ "غیر متوقع اعلان آئینی بحران کا پیش خیمہ ہے"۔ اپنے اسلام آباد کے نمائندے کے حوالہ سے بی بی سی کا کہنا ہے کہ فوجی انقلاب کے بعد صدر فضل الٰہی چوہدری آئینی تسلسل کی علامت تھے۔ گذشتہ چند ماہ سے یہ بات لوگوں کے علم میں تھی کہ اب وہ اس عہدے سے مستعفی ہو جائیں گے۔ بی بی سی نے اس امر پر بھی تعجب کا اظہار کیا ہے کہ جنرل ضیاء الحق عہدۂ صدارت سنبھال رہے ہیں حالانکہ وہ قبل ازیں بارہا اعلان کر چکے ہیں کہ انہیں اس عہدے سے دلچسپی نہیں ہے۔ فضل الٰہی چوہدری جب علاج کے لیے ملک سے باہر گئے تھے تو ان کی جگہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس قائم مقام صدر بنے تھے۔ بی بی سی کے مبصر کے نزدیک اس واقعہ کی اہمیت یہ ہے کہ یہ اقدام آئین میں زبردست تبدیلی کے مترادف ہے۔ دوسرے اگر سپریم کورٹ بھٹو کی سزائے موت کے خلاف اپیل مسترد کر دیتی ہے تو رحم کی اپیل کا حتمی فیصلہ اب جنرل ضیاء الحق ہی کریں گے۔

ممانعت کے باوجود جلسہ منعقد کرنے پر تحریک استقلال کراچی کے متعدد کارکن گرفتار کر لیے گئے

کراچی — (نمائندہ خصوصی) آج یہاں تحریک استقلال کا جلسہ منعقد کرنے پر پارٹی کے متعدد افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے اس سلسلے میں مقامی انتظامیہ نے حسب ذیل پریس نوٹ جاری کیا ہے۔ ایک سیاسی جماعت نے اپنے کارکنوں کا ایک اجلاس مارشل لاء کے ضابطہ ۲۰ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے شارع عام پر منعقد کیا۔ یہ خلاف ورزی مقامی انتظامیہ کی واضح ہدایات کے باوجود کی گئی ہے جو کہ مارشل لاء کے ضابطہ ۲۰ کی صریحاً خلاف ورزی کی گئی ہے اس لیے مقدمہ درج کر کے چند افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ تمام سیاسی جماعتوں کو یاد دلایا گیا ہے کہ مارشل لاء کے ضابطوں کے تحت بند کمرے میں اجلاس یا کیبل پریس کانفرنس منعقد کی جا سکتی ہے یا ٹرپو دیا خطاب کسی ایسی جگہ پر اجلاس منعقد نہیں کیے جا سکتے جو شارع عام ہو۔ اس ضابطے کی خلاف ورزی کرنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا۔

موجودہ حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے

بھٹو کو رہا کیا جائے، پشاور اور مردان میں بے نظیر بھٹو کی تقاریر

پشاور — (نمائندہ خصوصی) بے نظیر بھٹو نے کہا ہے کہ حکومت کو اگر ملک کی بہتری عزیز ہے تو اسے مسٹر بھٹو کو رہا کر دینا چاہیے ورنہ عوام ہیں اور وہ جیلوں کو خود نہیں رہنے دیں گے۔ وہ گذشتہ شب پشاور میں پیپلز پارٹی کے کارکنوں کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہی تھیں۔ بے نظیر نے ملک میں جلد از جلد عام انتخابات کرانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں امن و امان کی صورت حال خراب ہو چکی ہے اغوا کی وارداتیں ہو رہی ہیں اور کسانوں کو بے دخل کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔

اس سے قبل ایبٹ آباد میں بے نظیر بھٹو نے عوام کو ووٹ کا حق دینے اور مارشل لاء ختم کرنے کا مطالبہ کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی ماضی کی طرح غریب اور محنت کش عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے کسی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی۔ مردان میں پارٹی کے کارکنوں کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت اپنی پریسٹیج پلانٹ کو حاصل کرنے میں ناکام ہو گئی ہے اور اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ مسٹر بھٹو جیل میں ہیں انہوں نے کہا کہ مسٹر بھٹو کی کردار کشی کر کے ان کو عوام سے دور نہیں رکھا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مارشل لاء حکومت عوام کے مسائل حل کرنے میں ناکام ہو چکی ہے مہنگائی، رشوت اور جرائم میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ اگر حیدرآباد ٹریبونل کو توڑا جا سکتا ہے تو جمہوری ساؤنڈ کے لیے ڈسٹرکٹ جیل راولپنڈی کے دروازے بھی توڑے جا سکتے ہیں۔

مفتی محمود سمیت قومی اتحاد کے متعدد رہنماؤں کے خلاف مارشل لاء کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا

ملتان — ۱۹ ستمبر (نمائندہ خصوصی) ملتان پولیس نے پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود، قومی اتحاد کے رہنما شیخ خلیل احمد، پاکستان جمہوری پارٹی کے رہنما نوابزادہ [illegible] ایڈووکیٹ، پیر علاؤ الدین، غلام نبی اور مجاہد شفیق الرحمٰن کے خلاف مارشل لاء کے ضابطہ ۲۹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا ہے۔ پولیس نے یہ کارروائی ۱۵ ستمبر کو پانچ بجے شام قصر خلیل [illegible] کالونی میں جلسے کے سلسلے میں کی ہے۔ ابھی تک کسی گرفتاری کی اطلاع نہیں ملی۔

اے جی این قاضی واشنگٹن روانہ ہو گئے

کراچی — (اے پی پی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر اے جی این قاضی آج واشنگٹن روانہ ہو گئے جہاں وہ ۲۵ رکنی [illegible] گروپ کی وزارتی سطح کی کانفرنس کی صدارت کریں گے۔

جتوئی واپس کراچی پہنچ گئے

کراچی — (اے پی پی) سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی گذشتہ رات راولپنڈی سے کراچی پہنچ گئے۔

مختصر مختصر اشتہارات

ضرورت رشتہ

ایک ۲۸ سالہ سنی مسلمان لڑکے کیلئے پاکستانی یا ہندوستانی لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔ لڑکی چاہے یہاں رہتی ہو یا پاکستان و ہندوستان میں۔ آپ کا خط آنے پر اور تفصیل بھیجی جائے گی۔

M.S.A.
P.O. BOX 1072, STN. "B"
MONTREAL, QUE
CANADA H3B 3K5

●

ایک پشتون نوجوان عمر ۳۰ سال کے لیے جس کی سالانہ آمدنی ۲۱ ہزار ڈالر ہے، ایک مسلمان قبول صورت لڑکی کا رشتہ درکار ہے۔

H. R. KHAN
301 DOUGLAS ST. W., #6
SUDBURY, ONT.
P3C 1G9

●

امریکن امیگرنٹ پاکستانی دوشیزہ عمر ۲۷ سال کیلئے رشتہ درکار ہے تفصیلات کے لیے اپنے فوٹو گراف اور تصویر کے ساتھ خط لکھیئے۔

P.O. BOX 39167
REDFORD, MICH. 48239
USA

●

پاکستان میں مقیم ایک نہایت خوبصورت اور خوب سیرت تعلیم یافتہ ۲۱ سالہ شریف خاندان کی دوشیزہ کے لیے کینیڈا یا امریکہ میں مقیم مناسب رشتہ درکار ہے۔

C/O AHMAD KHAN
1440 LAWRENCE AVE. W., #6
TORONTO, ONT.
M6L 1B1

●

ہندوستان میں مقیم شریف خاندان کی مسلمان لڑکی عمر ۲۰ سال کے لیے کینیڈین امیگرنٹ مسلمان برسرِ روزگار لڑکے کا رشتہ درکار ہے۔ تفصیلات کے لیے لکھیئے:

Z. J.
C/O CRESCENT

●

کراچی کی آنرز گریجویٹ خوبصورت لڑکی (جو عارضی طور پر کینیڈا میں مقیم ہے) کے لیے امیگرنٹ لڑکے کا رشتہ مطلوب ہے۔ تفصیلات کے لیے لکھیئے:

J. R.
C/O CRESCENT

●

(مختصر اشتہارات کا معاوضہ صرف ۵ ڈالر ہے جس کی پیشگی ادائیگی ضروری ہے)

محفلِ شعر وسخن

(اشعار بہ اعتبارِ عنوان)

آرام

عاقبت کی خبر خدا جانے
اب تو آرام سے گزرتی ہے — شاہ عالم

•

پہلے کچھ اور تھے ارمان مریضِ غم کے
اب تو بس ایک تمنا ہے کہ آرام نہ ہو — عندلیب شادانی

•

وقفۂ موت بھی غنیمت ہے
کچھ تو تنی ابجھن مل گیا آرام — فانی

•

آہ! تجھ سے کیا بتاؤں کتنے سینے ہیں فگار
زندگی میں دو گھڑی آرام پانے کے لیے — جوش ملیح آبادی

•

اب تو اختر! لطفِ غم بھی مٹ گیا
اب تو وہ آرام بھی جاتا رہا — جاں نثار اختر

غزل

محشر بدایونی

آگہی مجھ کو وہ بڑائی دے
دادِ تخلیقِ فن خدائی دے

کبریائی مجھے نہ دے نہ سہی
کم سے کم فہمِ کبریائی دے

رگِ گلزار میں لہو دوڑے
چاہیے آنکھ اپنی سب کائی دے

پڑے پتھر پہ ضربِ تیشے کی
گونج کہسار تک سنائی دے

رنگ اچھالوں میں اس کنارے پر
لہر اُس پار بھی دِکھائی دے

غم بے حد کے بعد، مُرشدِ عشق
غم کا عرفاں بھی انتہائی دے

رنگتوں کو جہاں دیئے ہیں لباس
نکہتوں کو بھی خوش قبائی دے

نہیں ممکن زیادہ قرب تو پھر
جو میرا حق ہے وہ جُدائی دے

ایسا آئینہ تو عطا ہو مجھے
میری صورت مجھے دکھائی دے

طنز ومزاح

چٹکیاں

اقبال یونس خان (ٹورانٹو)

• اقبال صاحب! کل دیکھیۓ آخری روزہ ہے ناتو آپ ہمارے ساتھ افطار کریں گے" اس دعوت نے ہمیں سخت مشکل میں ڈال دیا۔ پہلے تو ہم نے رمضان کے مبارک مہینے میں جھوٹ بولنے کی کوشش کی۔ مگر وہ کسی کی سننے والے تھے گلے پڑ ہی گئے اور ہماری ایک بھی نہ چل سکی۔ چنانچہ دعوت کو قبول کرنا ہی پڑ گیا۔

اللہ میاں کے خوف سے تو ہم نے بقول غالب "بس اک یہی بھرم رکھا" مگر اب کیا کریں؟ بڑی مغز ماری کی مگر صرف دو تدبیریں نظر آئیں۔ افطار پارٹی میں شرکت کے لیۓ جاؤں تو ضرور مگر بغیر روزے کے۔ یا پھر ایکٹنگ کروں روزہ دار والی۔ سوچا پاکستانی جب دعوت کرتا ہے تو کسی ایک کو نہیں بلاتا۔ یہاں بھی ضرور دوسرے درجنوں لوگوں کو بلایا گیا ہوگا۔ کتنا معیوب لگے گا کر صاحب پہنچے تو ہیں افطار پارٹی میں اور روزہ کا ناغہ ہے۔ ایکٹنگ کے خیال کو اس لیۓ ترک کر دیا کہ خود اپنے کو دھوکہ دینے سے اصولی بغض ہے۔

مجبوراً طے کرنا پڑا کہ چلو بھئی ایک دن کا روزہ رکھ لیتے ہیں۔ سخت ذہنی کشمکش کے بعد الارم کلاک کو سحری کے لیۓ سیٹ کرکے سونے کی کوشش میں مشغول ہو گیا۔

دوسرے دن افطار سے کوئی ایک گھنٹہ پہلے میزبان کے گھر پہنچ گیا اور صبح تو قع تھی وہاں پہلے سے کوئی پانچ چھ روزہ دار آن پہنچے تھے۔

"آئیے! آئیے! یونس صاحب! بیٹھیۓ! سنائیے! کیا حال ہے؟" اور رفتہ رفتہ گفتگو کا موضوع پاکستانی سیاست اور عرب اسرائیلی مسئلہ کی طرف لڑھک پڑا۔ ہر پاکستانی بڑا دور کا سیاست داں ہوتا ہے۔ کسی بھی محفل میں آپ موجود ہوں جہاں چند پاکستانی جمع ہوں سیاست کے موضوع پر اگر بازی لگا دی جائے تو پاکستانیوں کے پیٹ میں مروڑ پیدا ہو جائے گی .....!

میزبان میرے بار بار جمائیاں لے رہے تھے تو میں نے کہا "روزہ کیا زیادہ لگ رہا ہے آج آپ کو؟" اس پر قدرے کھسیانی ہنسی ہنستے گویا ہوئے "دراصل یونس صاحب! رات دیر تک ہندوستانی مووی دیکھتے رہے ......"


کمرے کے دوسرے حصے میں افطار کی میز چُن دی گئی تھی اور میز کے اردگرد مدعو کی ہوئی خواتین کی ٹولیاں منڈلا رہی تھیں۔ کھانے کی خوشبو دماغ کو معطل کیے ہوئے تھی۔ اور گھڑی کی سوئیاں کسی طرح آگے کھسکنے کا نام ہی نہ لیتی تھیں۔ خدا خدا کرکے افطار کا وقت قریب آیا تو میزبان نے ٹی۔وی کی آواز ختم کر دی اور قرأت کا ایک ٹیپ لگا دیا۔ میز کی چاروں طرف کرسیوں پر بیٹھنے کا خواتین کے لیۓ انتظام تھا اور مرد پلیٹیں لیۓ کھڑے تھے۔ افطار شروع ہوا۔ جی میں آتا تھا کہ ساری پلیٹیں صاف کر دوں مگر مغرب کی نماز کے لیۓ اٹھنا ہی پڑا۔ کمرے کے ایک کونے میں سارے مرد کھڑے ہو گئے اور ایک صاحب کو امام بنا دیا گیا۔ نماز چل رہی تھی اور میز پر مردوں کی غیر موجودگی میں خواتین نے دسترخوان پر مستقل ڈول رکھا تھا۔ چٹخاروں اور چپڑ چپڑ کی آوازوں میں اضافہ ہو گیا تھا۔ جبڑے بڑی تیزی سے چل رہے تھے۔ اب اگر میں یکھ دوں کہ کھانے کے لیۓ منہ چل رہے تھے اس لیۓ گیا سنگ بیز تھی تو شاید یہ اس صدی کا سب سے بڑا جھوٹ ہوگا! مرد جب سجدے میں پڑتے تو خواتین کے قہقہے کانوں کے آر پار ہو جاتے!

خیر! صاحب! کسی نہ کسی طرح نماز سے فارغ ہو کر پھر سے ہم سارے کے سارے مرد کھانے کی طرف دوڑے۔ خواتین کی نظروں سے جو لوٹیاں برس رہی تھیں ان پر ہم مجاہدوں نے بے محابا کے وار شروع کر دیئے۔ توجہ کھانے کی طرف تھی کہ اچانک میں نے نوٹ کیا کہ میزبان زیادہ تر میزبانی میں لگے ہوئے ہیں اور کھا کم رہے ہیں۔ "بھئی آپ بھی تو کھائیں" اس پر اسی کھسیانی ہنسی کے ساتھ بولے "یونس صاحب! سحری کا بچا کھانا دوپہر میں اتنا کھا لیا کہ اس وقت بھوک نہیں ہے۔"

افطار کے فوراً بعد ہندوستانی فلم ریکارڈ بجائے جانے لگے اور مرد حلقے میں سیاست پر گفتگو کا سلسلہ پھر سے شروع ہو گیا۔ ہوتے کرتے عشاء کی نماز کا وقت آگیا۔ سارے مرد نماز کے لیۓ کھڑے ہو گئے اور خواتین چائے کے دوسرے دور سے محظوظ ہوتی رہیں۔

مشہور حدیث ہے کہ جنت ماؤں کے قدموں میں ہے۔ ماں کا درجہ اسلام نے اتنا بلند کر دیا ہے کہ جب تک ماں سے اجازت نہ حاصل کرلی جائے جہاد میں شرکت کی اجازت نہیں۔

چھوٹا سا بچہ اپنے ابو کے برابر کھڑا نماز پڑھنے کی نقل کر رہا ہے جبکہ اس کی بڑی بہن اپنی اماں کی موجودگی میں SIMPSONS کے سیل کا ذکر سن رہی ہے۔ مگر جنت اس نمازی باپ کے قدموں میں نہیں — وہ لیتی ہے تو سیل کا ذکر سنیں۔ کپڑوں کے فیشن کا ذکر سنیں .....!



تعارف :

گلوکار ایم ۔ کلیم

پاکستان ریڈیو، ٹی ۔ وی اور فلم کے مقبول گلوکار ایم ۔ کلیم ان دنوں کینیڈا آئے ہوئے ہیں ۔ اور جلد ہی ٹورانٹو میں اپنا شو پیش کرنے والے ہیں ۔

موسیقی کا شوق رکھنے والے جانتے ہیں کہ ایم ۔ کلیم کس پایہ کے فن کار ہیں ۔ ان کی آواز میں بے پناہ سوز ہے تڑپ ہے، خلش ہے ۔ روح کی گہرائیوں میں اترنے والی یہ آواز کبھی غم جانان اور غم جہاں کا احساس دلاتی ہے تو کبھی فضاؤں میں مسرت و انبساط کے نغمے بکھیر دیتی ہے ۔

ایم ۔ کلیم کے بچپن میں سہگل کے گانوں کی بڑی دھوم تھی ۔ ان کی آواز سہگل کی آواز سے بہت ملتی تھی ۔ ۱۹۴۲ء میں انھیں آل انڈیا ریڈیو سروس میں ملازمت ملی اور ۱۹۴۶ء میں انھوں نے سہگل کی آواز میں گانے ریکارڈ کرائے جن کی پورے ہندوستان میں دھوم مچ گئی ۔ اس کے بعد بمبئی میں ان کا فن چمکنے ہی والا تھا کہ حالات نے رخ بدلا اور وہ پاکستان آ پہنچے ۔ پاکستان آکر اس بے مثل فنکار کو حیثیت گلشن ریڈیو پاکستان میں ملازم ہونا

کی ریکارڈنگ کے لیئے آواز کی ٹیسٹنگ کرا رہے تھے ۔ زیڈ ۔ اے ۔ بخاری ان کی آواز اور ادائیگی سے تڑپ اٹھے ۔ انہیں سینے سے لگا لیا اور کہا : " کلیم تمھاری آواز اتنی اچھی ہے کہ ریڈیو پاکستان اس کی صحیح قیمت ادا کرنے سے ہمیشہ قاصر رہے گا ۔ "

اس طرح ایم ۔ کلیم کی آواز فضاؤں میں جلترنگ بکھیرتی رہی ۔ وقت گزرتا گیا ۔ ۱۹۵۸ء کی بات ہے کہ " زندگی " اور " وعدہ " کے ڈائرکٹر ڈبلیو ۔ زیڈ ۔ احمد ان کی جانب متوجہ ہوئے اور اپنی فلم " وفا کی ادا " کے چار اہم نغمے ریکارڈ کرائے مگر بدقسمتی سے یہ فلم تنازعات کا شکار ہو گئی اور آج تک وہ گیت نہیں سنے جا سکے ۔

اس کے بعد فضل احمد کریم فضلی نے زیڈ ۔ اے ۔ بخاری کی تجویز پر جو محمد علی کو فلسطور و بلین بھی پیش کر رہے تھے ۔ ایم ۔ کلیم کو اپنی فلم میں لے لیا ۔ اس فلم میں طلعت محمود اور نور جہاں نے بھی گیت گائے تھے ۔ مگر ایم ۔ کلیم کی گائی ہوئی



پڑا اور آج بھی وہ اسی منصب پر فائز ہیں ۔

ریڈیو پاکستان میں ملازمت کے کچھ ہی عرصے بعد ان کی آواز ہوا سے خوش کا خراج لینے کے لیئے موسیقی کے دلدادگان کے کانوں میں رس گھولنے لگی ۔ ان کا پہلا گیت نشر ہوا :

ناکام رہے میرے گیت
بدنام ہوا میرا پیار

موسیقار الطاف رحامی نے اپنے اس گیت کی دھن خود ہی ترتیب دی تھی ۔ اس گیت کی مقبولیت نے تمام گزشتہ ریکارڈ توڑ دیئے ۔ ہر طبقہ میں یہ گیت پسند کیا گیا ۔ اور اتنا عرصہ گزر نے کے باوجود اس گیت میں وہی پہلی سی شگفتگی ہے ۔

زیڈ ۔ اے ۔ بخاری ریڈیو پاکستان کے پہلے افسر ہیں جنھوں نے ایم ۔ کلیم کی بڑی حوصلہ افزائی کی ۔ ایک بار جبکہ ایم ۔ کلیم حسرت جے پوری مرحوم کی غزل

قبلہ نما کو میں لیکن جو بہر پا دتا نے بھی
اپنی ترک باغت پر وہ کہہ کر یا دفتر کی

جگر کی اس غزل کو اس فلم کے تمام گیتوں کے مقابلے میں زیادہ پسند کیا گیا ہے

آئی جو ان کی یاد تو آتی چلی گئی
ہر نقش ما سوا کو مٹاتی چلی گئی

ایم ۔ کلیم ایک خوددار فن کار ہے جو اپنی انا کو دولت یا شہرت پر قربان نہیں کر سکتا ۔ شاید اسی خودداری نے اس فن کار کو اس عروج تک نہیں پہنچنے دیا جس کا وہ مستحق ہے ۔

ایم ۔ کلیم ابتک دو سو سے زیادہ گیت، نغمے، غزلیں اور نعتیں ریکارڈ کرا چکے ہیں ۔ جن میں سے چند مشہور گیت یہ ہیں : ۔

۔ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پہ دم نکلے
۔ شام ہوتی ہے تو اشکوں کے جلاتے ہیں چراغ
۔ جا بیٹھے اگر ہو جانا ہی ہے میرا سلام کہنا
۔ گوری گھونگھٹ میں سنور جائے
۔ حیران ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
۔ سہیلی تیرا بانکپن لٹ گیا

بہنوں کی محفل

"بچپن سے کر اب تک جو محبتیں اور ان کی فراوانی سے مجھے کاش میں بھی بن پاتا تھا ۔ جذبیں ڈھونڈتے پھرنے والی کہانی ۔"

شاہد حبیب



[illegible]

پڑھیں : اسے رات کو کام پائیں گے میں اداسی سے مسکرا دی ۔ میں تو ایک عورت ہوں اور دوسری کے گھر ونڈے کی جس کی تمام خواہشیں حسرت اور محرومیوں کے کالے ناگ ڈس چکے ہیں ۔

کبھی کبھی جب میں اسود سے سلفد کی پڑیاں کو ایک کونے میں لے کر بیٹھ جاتی ہوں ۔ تو جانے کن کن کیسی کیسی خواہشیں انگڑائیاں لینے لگتی ہیں ۔ ہاتھوں کی انگلیوں میں ٹوٹے قلم کو چومنے کو دل چاہتا ہے اور پھر من کے دریا سے نکل کر جب اسی ردی کاغذوں پر لکھنے لگتی ہوں تو ذہن میں ٹوٹے قلم کے موتے بالکل خشک ہو جاتے ہیں ۔ [illegible] کیوں ؟ اس لیے کہ میں اپنے گھر ونڈے کی ایک سیدھی سادی غریب عورت ہوں جو معاشرے میں ایک بے کار جنس کی حیثیت رکھتی ہے اور سب کچھ کرنے کی صلاحیت ہونے کے باوجود کچھ نہ کرنے کا مقصد دے دیا گیا ہے ۔

جب میرے اندر ہلچل مچتی ہے میرے دماغ کی ہوائیں گھٹتی ہیں تو میرا من بھرے بھرے کانپنے لگتا ہے جانتے ہیں کیوں ۔ اس لیے کہ جس جگہ میں سانس لے رہی ہوں وہاں چیخنے کی اجازت نہیں ۔ آہستہ آہستہ سینے کے اندر آہیں روک لو اور گھٹ کر مر جاؤ ۔ [illegible]

[illegible]

چھوٹی شہزادیوں کی ۔ دیکھا میری ماں کے ان کے خواب اور باپ کی امیدوں پر پڑیں تو ایسے ان کے خواب جنھیں ملتے میری سوچیں تو محدود نہیں ہیں ۔ میں تو کبھی کسی شہزادے کا انتظار نہیں کرتی بلکہ کر زمانے کی حقیقتوں کا علم رکھتی ہوں میں جانتی ہوں کہ میرا مقدر گھروندے کی دھندلائی آنکھوں میں چھپا رہنا ہے اور کبھی کبھی یہ بوجھ سا کیوں لگتا ہے ۔

جب میرا من بھرے بھرے کانپتا ہے احساسات کی اندھی خاموشیاں بلکتے لگتی ہیں ۔ جب میرے ماں باپ کے خواب سو گئے اور سنہرے ترے میں لکھنے بیٹھ جاتی ہوں ۔ کوئی چھوٹی سی بات کوئی من کی کہانی ۔ تو کیا ہوتا ہے ؟

میں کبھی کبھی چند کاغذوں پر لکھے دل کے زخم رستے والا کوئی چھپی والی شاہدہ باجی کو دکھاتی ہوں تو وہ حیران حیران آنکھوں سے مجھے تکنے لگتی ہیں !

" بیبی یہ سب تم نے لکھا ہے ؟ "

" جی باجی ۔ میرے ساتھ بیتے خوشیوں کے لمحے ہیں ۔ "

شاہدہ باجی میری آنکھوں سے چھلکتے آنسو دیکھتی ہیں [illegible]

[illegible]

ہفت روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
سوئٹزرلینڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سنو جو اللہ کے دوست ہیں ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے

کرسمس گفٹ ۔۔۔ سادات یا بیگن

تیرہ روز کی تگ و دو کے باوجود جو با جب سے نہ ہو سکیں ایک شام جب سادات اور بیگن کانفرنس کا بائیکاٹ کرنے جا رہے تھے تو اچانک جمی کارٹر کی معجزانہ فراست سے چند ہی منٹ میں پالے پا گئیں۔

انور سادات نے دو معاہدوں پر ابھی دستخط کر کے کیا کھویا اور کیا پایا، اس کا جواب تو شاید مصر کے وزیر خارجہ ابراہیم کامل ہی بہتر دے سکیں گے۔ جنہوں نے ان معاہدوں پر سادات کے دستخط ثبت ہونے کے فوراً بعد استعفیٰ دے دیا ہے۔ یہ مصر کے دوسرے وزیر خارجہ ہیں جنہوں نے احتجاجاً استعفیٰ دیا ہے۔ ان سے پہلے وزیر خارجہ نے اس وقت استعفیٰ دیا تھا جب سادات امن کے مقدس مشن پر اسرائیل روانہ ہوئے تھے۔

ان دو معاہدوں کی رو سے مصر کو سنہ ۶۷ کی جنگ میں کھوئے ہوئے علاقے واپس مل جائیں گے۔ مگر کب؟ ایک لمبے اور صبر آزما عمل کے بعد۔ بلکہ جو کچھ اسرائیل کیمپ ڈیوڈ میں دے چکا وہ شاید گزشتہ تین سال میں ویسے ہی مل سکا ہوتا۔

— مصر اسرائیلی ریاست تسلیم کرے گا اور سفارتی تعلقات قائم ہو جائیں گے۔
— امریکہ اور مصر اسرائیلی سرحدوں کی مکمل ضمانت دیں گے۔
— دریائے اردن کے مغربی کنارے اسرائیلی فوج کی زیرنگرانی فلسطینیوں کو آباد کیا جائے گا۔ جو سول انتظامیہ فلسطینیوں پر مشتمل ہوگی مگر اسرائیلی فوج کی بالادستی بدستور قائم رہے گی۔
— اسرائیل کو امریکہ کی طرف سے دو جدید آلات سے مسلح فوجی اڈے تعمیر کر کے دیے جائیں گے جن پر کروڑ ڈالر کی لاگت آئے گی۔
— گولان کی پہاڑیوں پر اسرائیل بدستور قابض رہے گا۔
— مقبوضہ علاقوں میں اسرائیل کی نوآبادیاں بدستور قائم رہیں گی یا ان کے متعلق علیحدہ معاہدہ ہوگا۔ البتہ نئی نوآبادیوں کی تعمیر روک دی جائے گی۔

کیمپ ڈیوڈ کے تاریخی اختتام پر بیگن نے اخباری نمائندوں کے استفسار پر بتایا کہ بیت المقدس اسرائیل کا الوٹ انگ ہے۔ یہ اب اسرائیل کا دارالخلافہ بن چکا ہے۔ یہ شہر دو ہزار سال سے پوری دنیا کے یہودیوں کی روح بنا رہا ہے۔ اسے تقسیم کرنا یا اس سے دستبردار ہونا ناممکن ہے۔

"پی ایل او قاتلوں کا ٹولہ ہے۔ ہم ان کا نام تک سننا گوارا نہیں کرتے" مسٹر بیگن نے فلسطینی تنظیم کے متعلق اظہار خیال کیا۔

ان معاہدوں پر دستخط کر کے انور سادات اپنے گزشتہ کیے گئے وعدوں سے بھی منحرف ہو گئے کہ مصر کبھی بھی اسرائیل سے یکطرفہ معاہدہ نہیں کرے گا اور پی ایل او کی حقیقت تسلیم کیے بغیر اسرائیل سے امن کی بات چیت نہیں ہو سکے گی۔ دراصل یہ معاہدے اسرائیل کی بہت بڑی فتح ہیں۔ ان پر انگوٹھا لگانے کے بعد انور سادات نے عربوں کی صفوں میں انتشار کی نئی راہیں کھول دی ہیں۔ صحرائے سینا کے ایک چھوٹے سے ٹکڑے کے عوض مسلمانوں کے قبلۂ اول کا سودا کروڑ مسلمانوں کے جذبات سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ اگر بات سودے بازی ہی کی تھی تو انور سادات عرب تیل (EMBARGO) کا زہریلا ہتھیار امریکہ اور اسرائیل کی شہ رگ پر رکھ کر انہیں آسانی سے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر سکتے تھے۔ مگر شاید اسرائیل کی فتوحات کا سلسلہ میدان جنگ سے ہٹ کر کانفرنس ٹیبل پر ایک لمبے عرصے تک جاری رہے گا جب تک کہ اسے عرب تیل کے مہلک ہتھیار کا کوئی توڑ نہیں مل جاتا۔

یہ یہودی ریاست دنیا کی انوکھی اور منفرد ریاست ہے۔ جس کی حد بندی آج تک ممکن نہیں ہو سکی۔ ان کے ہزاروں سرحدوں کا سلسلہ دو ہزار سال پرانی سرحدوں سے منطبق ہونا ضروری ہے۔ ان سرحدوں کی وسعت اور دائرہ نیل سے فرات تک ہے جس کو اس وقت تک نہیں روکا جا سکتا جب تک کروڑ مسلمان جن کو کرہ ارض کی امانت کے لیے بھیجا گیا ہے امریکی بار بیسٹ میں بیٹھ کر جمی کارٹر سے انجیل کا درس لینا نہ چھوڑ دیں۔

حسنی (ٹورانٹو)

مصر اور اسرائیل میں مفاہمت

امریکہ کے صدر جمی کارٹر کی تحریک پر اور کیمپ ڈیوڈ میں ان کے بلا واسطہ اہتمام میں تیرہ روزہ مذاکرات کے بعد مصر کے صدر انور سادات اور اسرائیل کے وزیر اعظم بیگن نے جن دو دستاویزات پر دستخط کیے ہیں انہیں اگرچہ مشرق وسطیٰ کا دیرینہ مسئلہ حل کرنے کے طریق کار پر مفاہمت کا نام دیا گیا ہے، لیکن یہ سمجھوتہ فی الحقیقت مصر اور اسرائیل تک ہی محدود ہے اور اسے کسی طور پر عرب اسرائیل مفاہمت قرار دینا قرین حقیقت معلوم نہیں ہوتا۔

اس سمجھوتے پر اختلاف کی وجہ سے مصر کے وزیر خارجہ اور ان مذاکرات میں صدر سادات کے مشیر ابراہیم کامل کے بطور احتجاج مستعفی ہو جانے کو اگر زیادہ اہمیت نہ دی جائے کہ اس کی وجہ سے مصر کی حد تک صدر سادات کے لیے کوئی مشکل پیدا نہیں ہوگی، تو بھی شام اور آزادیٔ فلسطین کی تنظیم نے اس مفاہمت پر جو فوری رد عمل ظاہر کیا ہے، اس سے بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ پچھلے سال نومبر میں "تلاش امن" کے سلسلے میں صدر سادات کے دورۂ اسرائیل سے عرب ملک جس طرح دو دھڑوں میں تقسیم ہو گئے تھے، اب واشنگٹن میں اس یکطرفہ مفاہمت کے بعد وہ دھڑے بندی زیادہ شدت اختیار کر جائے گی اور صدر سادات کو اپنے مخالف عرب ملکوں کے دھڑے کی طرف سے نسبتاً زیادہ مزاحمت اور مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا۔ [illegible]

انتہا پسند عرب ملکوں شام، لیبیا، الجزائر وغیرہ کے مقابلے میں صدر سادات کا ساتھ دیتے رہے ہیں۔ بیت المقدس کے علاوہ ان دستاویزات میں شام کے اہم سرحدی علاقے (جولان کی پہاڑیوں) کا بھی کوئی ذکر نہیں ہے، اس لیے یہ کہا جا سکتا ہے کہ شام اور اس کے ہمنوا صدر سادات کی اعتدال پسندانہ پالیسی کے خلاف دوسرے عرب ملک تازہ مصر اسرائیل مفاہمت کو قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہوں گے۔

مصر اور اسرائیل میں اس تازہ مفاہمت کو نہ صرف امریکہ کی پوری اشیرباد حاصل ہے، بلکہ روس سے مایوس اور بیزار ہو جانے کے بعد امریکہ سے رجوع اور اس پر انحصار کے فیصلے میں بھی صدر سادات کا یہ بڑھتا ہوا احساس بلکہ اعتراف حقیقت کارفرما ہے کہ عربوں کا مقابلہ صرف اسرائیل سے نہیں، بلکہ اس کے مستقل سرپرست اور بے پایاں مددگار امریکہ سے بھی ہے، اس لیے عرب اسرائیل مفاہمت کی کلید کلی طور پر واشنگٹن میں ہے۔ صدر سادات کو اس حقیقت کا بھرپور احساس اکتوبر ۱۹۷۳ء کی عرب اسرائیل جنگ میں ہوا تھا۔ جب انہوں نے یہ برملا اعتراف کرتے ہوئے اچانک جنگ بندی قبول کر لی [illegible]

[illegible]

مایوسی

سورہ یوسف میں فرمایا: "بے شک اللہ کی رحمت سے صرف کافر مایوس ہوتے ہیں" (آیہ ۸۷) گویا مایوسی کفر ہے۔

سورہ الحج میں فرمایا: "جو شخص یہ گمان رکھتا ہو کہ اللہ دنیا و آخرت میں اس کی ہرگز مدد نہیں فرمائے گا، تو اسے چاہیے کہ اوپر کو ایک رسی تانے، پھر (دنیا سے اپنے تعلقات) منقطع کرے۔ پھر دیکھے آیا اس کی اس تدبیر نے اس کی جلن کو دور کیا ہے؟" (آیہ ۱۵)

سورہ بنی اسرائیل میں جہاں یہ حکم فرمایا کہ قرابت داروں، مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کرو، تو اس کے بعد ایک آیت چھوڑ کے یہ فرمایا: "اور اگر تو ان سے اعراض کرے اپنے رب کی رحمت کے انتظار میں جس کی تجھے امید ہے، تو ان سے نرمی سے بات کر" (آیہ ۲۸) فرما رہے ہیں کہ اگر تیرے پاس پیسہ نہ ہو اور کوئی مانگنے والا آ جائے اور تجھے بامر مجبوری اس کا سوال نظر انداز کرنا پڑے، تو اسے نرمی سے سمجھا دے۔ جس سے یوں ارشاد فرمایا جس سے مومن کا طرز عمل واضح ہو جاتا ہے کہ وہ تنگدستی میں بھی مایوس نہیں ہوتا، بلکہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کے بارے میں پرامید رہتا ہے [illegible]

[illegible] حضرت علیؓ کا ارشاد ہے کہ موت سے بڑھ کر کوئی چیز اور امید سے بڑھ کر کوئی جھوٹی چیز نہیں۔ [illegible] علامہ اقبالؒ کے الفاظ میں مومن کی یہ شان ہے کہ [illegible]

مصر اسرائیل سمجھوتہ

کارٹر کی سعی سے یہ بات تو روشن ہوئی
مصر اسرائیل میں کم از کم امن بن ہوئی
سوچنے کی بات ہے یہ امن سمجھوتہ ہوا
یا عرب ملکوں میں پیدا اک نئی الجھن ہوئی

فرمودہ اقبالؒ



آزادیٔ افکار سے ہے ان کی تباہی
رکھتے نہیں جو فکر و تدبر کا سلیقہ
ہو فکر اگر خام تو آزادیٔ افکار
انسان کو حیوان بنانے کا طریقہ

(ضرب کلیم)

قائد اعظم نے فرمایا



تعمیر پاکستان کی راہ میں مصائب اور مشکلات کو دیکھ کر گھبرایئے نہیں۔ [illegible] قوت عمل اور قوت کردار سے [illegible]

سرکاری تحویل میں لئے گئے ادارے واپس کرنے کا فیصلہ

حکومت نے طریقِ کار کا اعلان کر دیا

سابق مالکان کو زیرِ انتظام اداروں کے حقوقِ ملکیت دینے کیلئے صدر نے حکم جاری کر دیا

راولپنڈی ـــــ (اے پی پی) صدر پاکستان نے ۱۰ ستمبر کو ایک حکم جاری کیا ہے جس کے تحت حکومت کے زیرِ انتظام اداروں کو سابق حصص داروں اور حقوقِ ملکیت رکھنے والوں کو منتقل کر دیا جائے گا۔ اس حکم کا عنوان زیرِ انتظام اداروں کو منتقل کرنے کا حکم مجریہ ۱۹۷۸ء ہو گا اور اس کا اطلاق فوری طور پر پورے ملک پر ہو گا۔ اس حکم کے تحت وفاقی حکومت اگر اس نے قومی مفاد میں بہتر سمجھا تو اعلانِ عام کے ذریعے ان زیرِ انتظام حاصل کردہ اداروں کے حصص یا مالکانہ حقوق جو حکومت نے معاشی اصلاحات کے حکم مجریہ ۱۹۷۲ء کے آرٹیکل ۲ یا ۳ کے تحت حاصل کئے تھے خاص افراد کو ان شرائط کے تحت منتقل کر سکے گی جن کا ذکر شیڈول میں موجود ہے۔

ایک عرب سربراہ کی طرف سے صوبے بیچنے کی غرض سے دی گئی رقم آغا حسن عابدی نے عربوں کے مشترکہ بینک میں لگا دی تھی

بینک کے ۲۰ فیصد حصص ابوظبی کے حکمران شیخ زید بن سلطان کی ملکیت ہیں

کراچی ـــــ (نامہ نگار خصوصی) برطانیہ کے اخبار "سنڈے ٹائمز" نے انکشاف کیا ہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے سابق حکومت کی انتخابی دھاندلیوں کے بارے میں جاری کردہ قرطاس ابیض میں ایک غیر ملکی سربراہ کی طرف سے ایک پاکستانی بینکار کو دی جانے والی رقم دراصل سابق وزیراعظم بھٹو کو ادا کی گئی تھی۔ اخبار کے نمائندگان مسٹر رسل اور مسٹر پیلپ نے فرنٹ نیوز کے نیچے صفحہ پر ایک نئے بینک "بینک آف کریڈٹ اینڈ کامرس" کے بارے میں ایک مضمون شائع کیا ہے۔ اس بینک کے پریذیڈنٹ ایک پاکستانی بینکار آغا حسن عابدی ہیں۔ مضمون میں کہا گیا ہے کہ یہ بینک عربوں کے سرمایہ سے شروع کیا گیا ہے اور لکسمبرگ میں رجسٹرڈ ہے اور صرف برطانیہ میں اس کی ۴۵ شاخیں قائم ہو چکی ہیں۔ مضمون میں کہا گیا ہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے جاری کردہ وائٹ پیپر میں مسٹر بھٹو کے اس وقت کے معاون مسٹر افضل سعید کا ایک بیان بھی شائع کیا گیا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ بینک کے پریذیڈنٹ نے ۵ ملین پونڈ تقریباً نقد کی شکل میں وزیراعظم بھٹو کو ادا کئے۔ تاہم وائٹ پیپر میں اس شخص کا نام واضح طور پر ظاہر نہیں کیا گیا جس نے یہ رقم مسٹر بھٹو کو دینے کے لئے بینک کو مہیا کی تھی۔ تاہم اسے ایک غیر ملکی سربراہ لکھا گیا ہے۔ ... بینک کے ۲۰ فیصد حصص ابوظبی کے حکمران شیخ زید بن سلطان کی ملکیت ہیں۔

اصغر خان نے ۱۹۶۵ء کی جنگ پر کتاب لکھی ہے

کراچی ـــــ (اے پی پی) تحریکِ استقلال کے سربراہ مسٹر اصغر خان نے ۱۹۶۵ء کی پاک بھارت جنگ کے بارے میں ایک کتاب لکھی ہے وہ اس سال کے آخر تک چھپ جائے گی۔ اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے ... یہ کتاب ... ہو گی ... ۔

معاملات میں کوئی مداخلت کرے اس لئے وہ کسی کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہیں کرتا۔ انہوں نے کہا کہ شہنشاہ سے گفتگو کے دوران علاقے کی سلامتی اور مستقبل کے امور پر تبادلۂ خیالات ہوا اور سینٹو کا موضوع بھی زیرِ بحث آیا۔ ایٹمی ری پراسیسنگ پلانٹ کا مسئلہ زیرِ بحث نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ حسبِ معمول اعلیٰ اختیارات کے وفد کو اپنے ساتھ لے کر گیا ہوں وفد میں وزیرِ خزانہ اور وزیر جہاز رانی، امورِ خارجہ کے وفاقی مشیر اور وزارتِ خارجہ کے سیکرٹری شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ وفد کی تشکیل میں وزراء کی پارٹی وابستگی کو پیشِ نظر نہیں رکھا گیا۔

جنرل ضیاء الحق افغانستان اور ایران کا دورہ کرنے کے بعد کل کراچی سے واپس دارالحکومت میں پہنچ گئے۔

ملک سنگین بحرانوں سے گزر رہا ہے

صدر فضل الٰہی چوہدری

اسلام آباد ـــــ پاکستان کے صدر فضل الٰہی چوہدری نے کہا ہے کہ ملک اس وقت انتہائی سنگین بحرانوں سے گزر رہا ہے۔ صدر فضل الٰہی کے مستعفی ہونے کی خبر منظرِ عام پر آنے کے بعد ایک اخباری نمائندے نے ان سے رابطہ قائم کیا تو انہوں نے صرف اتنا کہا کہ ملک بحران سے گزر رہا ہے میں دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ ملک کو بحرانوں سے کامیابی سے نکالے۔ اللہ تعالیٰ ملک کا حامی و ناصر ہو۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس وقت اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتے۔

ایران اور افغانستان کا خیرسگالی دورہ بہت کامیاب تھا

دورس نتائج برآمد ہوں گے ۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کی پریس کانفرنس

کراچی ـــــ (نامہ نگار خصوصی) بری فوج کے سربراہ اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق نے کہا ہے کہ ان کا ایران اور افغانستان کا دورہ توقعات سے بڑھ کر کامیاب رہا ہے اور اس کے دوررس نتائج نکلیں گے۔ وہ افغانستان کا چار روزہ اور ایران کا دو روزہ دورہ مکمل کرنے کے بعد کراچی پہنچنے پر پیر کی سہ پہر کراچی ایئرپورٹ کے وی آئی پی لاؤنج میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ غیر سرکاری تھا اور حقیقی طور پر خیرسگالی کے مقصد کے لئے تھا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس مقصد میں کامیابی ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ایران سے ہمارے دیرینہ اور اچھے تعلقات ہیں اور اس بار ایران کی طرف سے ہمارے توقعات سے بڑھ کر خیرسگالی کا مظاہرہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہنشاہ ایران پاکستان سے گہری محبت رکھتے ہیں اور ان سے مذاکرات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، علاقے کی سلامتی اور سینٹو سمیت متعدد امور پر تبادلۂ خیال ہوا۔ انہوں نے افغانستان کے دورے کے متعلق کہا کہ میری اپنی توقعات سے زیادہ کامیاب رہا میری اور میرے رفقاء کی پالیسی رہی ہے کہ ہمارے تعلقات ہمسایہ ممالک سے خصوصاً مسلم ممالک سے بہتر ہونے چاہئیں ہم نے اس سلسلے میں کبھی کوئی تنگ نظری روا نہیں رکھی۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی افغانستان کا دورہ کرنے میں میری جانب سے پہل ہوئی تھی ... اپریل کے بعد وہاں نئی حکومت کے قیام کے بعد افغانستان جانے میں بھی پہل کی ہے انہوں نے کہا کہ افغان رہنماؤں سے خوشگوار ماحول میں گفتگو ہوئی ... سے کوئی اختلافات نہیں ہیں ... زیادہ تعلقات ہیں ... ۔

سے ضروری چیز تجارت کا فروغ ہے اور اس مقصد کے لئے پاکستان کے وزیرِ تجارت اس ماہ کے اواخر یا آئندہ ماہ افغانستان کا دورہ کریں گے اور اس بارے میں متعدد اہم باتیں زیرِ بحث آئیں گی۔ افغانستان کی طرف سے مخالفانہ پروپیگنڈے کے بارے میں ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے جنرل ضیاء الحق نے کہا کہ اس بارے میں ہمیں وسیع القلبی کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ پُرامید رہتا ہوں اور مایوس نہیں ہوتا۔ جنرل ضیاء الحق نے کہا کہ افغان حکمرانوں سے کسی غیر معمولی موضوع پر بات چیت نہیں ہوئی۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا روس پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے تو جنرل ضیاء الحق نے کہا یہ ایک حساس مسئلہ ہے اس پر بات چیت آئندہ پریس کانفرنس تک ملتوی کر دینی چاہئے۔

ایران سے تعلقات کے بارے میں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایران سے ہمارے تعلقات نہایت گہرے ہیں شہنشاہ ایران پاکستان ... اور ایران کے عوام ایک دوسرے کے ... رکھتے ہیں ... ۔

سیاسی جماعتوں کی مجالسِ عاملہ کے اجلاسوں میں عام لوگوں کو شرکت کی اجازت نہیں ہے

اجلاس صرف چاردیواری کے اندر منعقد کیے جا سکتے ہیں

ہوٹلوں، مساجد یا تعلیمی اداروں کو سیاسی اجلاسوں کیلئے استعمال نہیں کیا جا سکتا


راولپنڈی ۔۔۔۔ [illegible]

آئندہ ماہ سے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام نئے انداز میں پیش کیے جائیں گے

ابلاغِ عامہ کے ذریعے اسلامی نظام کے مقاصد کو اجاگر کیا جائے گا

حکومت ٹیلی ویژن کے ذریعہ تفریح کو ختم کرنا نہیں چاہتی: وزیر اطلاعات و نشریات

لاہور ۔۔۔۔ [illegible]



قومی اتحاد کے وزراء اسلامی نظام کے نفاذ میں ناکام رہے تو مستعفی ہو جائیں گے: مفتی محمود

شریعت کمیشن کے فتنے کو جنم لینے سے پہلے ہی ختم کر دیا جائے

ملک میں اسلامی نظام نافذ کرنے کی آخری کوشش کی جا رہی ہے



راولپنڈی ۔۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان قومی اتحاد کے صدر مولانا مفتی محمود نے اعلان کیا ہے کہ اگر قومی اتحاد کے وزراء عوام کی خواہشات کے مطابق کام کرنے میں ناکام رہے تو [illegible]

ہم صوبائی خودمختاری کی بجائے صوبائی اختیارات کے حق میں ہیں: شیرباز مزاری

جنرل ضیاء کے عہدۂ صدارت سنبھالنے سے آئینی بحران پیدا نہیں ہوگا

آئین کے "بہی خواہ" بھٹو کے دور میں صم بکم کیوں تھے؟

پشاور ۔۔۔۔ [illegible]

کنٹرول لائن پر جھڑپوں میں ایک بھارتی اور ایک پاکستانی فوجی ہلاک ہوگیا

لندن ۔۔۔۔ [illegible]

بائیں بازو کی گیارہ سیاسی جماعتوں کا اتحاد

افضل بنگش صدر اور عابد منٹو جنرل سیکرٹری ہوں گے

لاہور ۔۔۔۔ [illegible]

پاکستان اور سعودی عرب کے باہمی تعاون کو مزید فروغ حاصل ہوگا: صدر ضیاء الحق

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

جنرل ضیاء اگلے مہینے کے اخیر میں فرانس کا دورہ کریں گے

اسلام آباد ۔۔۔۔ [illegible]

سردار شوکت حیات کی ولی خان سے ملاقات

پشاور ۔۔۔۔ [illegible]

صوبائی حکومتوں کی تشکیل کا فی الحال کوئی امکان نہیں — قومی اتحاد کو آگاہ کر دیا گیا

مرکز میں سول کابینہ کے تجربے کی کامیابی کے بعد ہی صوبائی وزارتیں قائم کرنے پر غور کیا جا سکتا ہے

لاہور ۔۔۔ سیاسی نامہ نگار/ چیف رپورٹر صوبائی حکومتوں کے قیام کا مسئلہ مزید التوا میں پڑ گیا ہے اور مستقبل قریب میں ان کی تشکیل کا کوئی امکان نہیں۔ باوثوق ذرائع کے مطابق حکومت نے اس فیصلے سے قومی اتحاد کے قائدین کو آگاہ کر دیا ہے اور ان پر واضح کر دیا گیا ہے کہ مرکز میں سول کابینہ کے تجربے کی کامیابی کے بعد ہی صوبوں میں سول وزارتوں کے قیام پر غور کیا جا سکتا ہے۔

یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ حکومت نے اس بات کی بھی کوئی وضاحت نہیں کی ہے کہ اس تجربے میں کتنی مدت درکار ہوگی۔ تاہم قومی اتحاد اپنے اس سابقہ موقف پر قائم ہے کہ ملک میں جلد از جلد صوبائی حکومتیں قائم کی جائیں کیونکہ ان کے قیام کے بغیر وفاقی کابینہ موثر طریقہ پر کام نہیں کر سکتی اور عوام سے رابطہ اور ان کے مسائل کے حل کے لئے وفاقی سول کابینہ کے قیام کا تجربہ کامیاب نہیں ہو سکتا۔

باخبر ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستان قومی اتحاد کی جنرل کونسل نے راولپنڈی میں اپنے حالیہ اجلاس میں صوبائی حکومتوں کے قیام کے مسئلے پر غور کیا اور بعد میں قومی اتحاد کے نائب صدر نوابزادہ نصراللہ خان نے صدر مملکت اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق سے اس مسئلے پر مفصل بات کی اور انہیں اس کے بارے میں قومی اتحاد کے موقف اور ملک کی سیاسی صورت حال کے پیش نظر صوبائی حکومتوں کے قیام کی اہمیت اور ضرورت سے تفصیلاً آگاہ کیا۔

اکبر بگٹی کو نااہل قرار دے دیا گیا

کوئٹہ ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) نااہلی سے متعلق مقدمات کی سماعت کرنے والے ٹریبونل نے بلوچستان کے سابق گورنر نواب محمد اکبر بگٹی کو سات سال کے لئے نااہل قرار دے دیا ہے وہ اس عرصے میں پارلیمنٹ یا صوبائی اسمبلی کے انتخاب میں حصہ نہ لے سکیں گے۔ اعلان کے مطابق مسٹر بگٹی پر جو الزامات درست ثابت ہوئے ہیں ان میں اثاثوں کے غلط گوشوارے داخل کرنا، سرکاری فنڈ میں خورد برد اور بطور گورنر اختیارات کا غلط استعمال شامل ہیں۔

آئندہ چپڑاسی کو نائب قاصد اور جمعدار کو قاصد کہا جائے گا

پاسپورٹ کے علاقائی دفاتر کی تعداد بڑھا دی جائے گی: وفاقی کابینہ کے فیصلے


راولپنڈی ۔۔۔ (اے پ پ) آج وفاقی کابینہ نے صنعتی کارکنوں کی اقامت کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے چاروں صوبوں میں مکانات کی تعمیر کی ایک سکیم کی منظوری دی ہے۔ جس پر پانچ کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔ یہ مکان صنعتی کارکنوں کو کم سے کم کرائے پر دیئے جائیں گے۔ کابینہ کا اجلاس آج جنرل ضیاء الحق کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں کابینہ نے محسوس کیا کہ صنعتی کارکنوں کو پلاٹ دینے کی سابقہ تجویز عملی طور پر کارآمد ثابت نہیں ہوئی۔ کیونکہ صنعتی کارکن اپنے وسائل سے مکانات تعمیر کرنے کے قابل نہ تھے۔ کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ انتظامیہ کو ضلعی اور سب ڈویژن کی سطح پر فعال بنایا جائے تاکہ عوام کی ضرورتوں کو فوری طور پر حل کیا جا سکے۔ ان کے مسائل کو نہ صرف جلد از جلد حل کیا جائے گا بلکہ ان کی مشکلات کو ضلع اور اس سے کم سطح پر فوری طور پر دور کرنے کے لئے موثر اقدامات کئے جا سکیں۔

کابینہ نے امن و امان کی صورت حال پر غور بھی کیا اور فیصلہ کیا کہ نچلی سطح پر خاص طور پر انتظامیہ کی کارکردگی کو بہتر بنایا جائے۔ کابینہ نے یہ فیصلہ بھی کیا کہ [illegible] کے عمل کو تیز تر کر دیا جائے۔

بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کو وطن میں صنعتی ادارے قائم کرنے کی اجازت دے دی گئی

درآمد کیے جانے والے پلانٹوں پر نصف ڈیوٹی معاف ہوگی، حکومت صنعتوں میں سرمایہ کاری کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کرے گی: وزیر تجارت

راولپنڈی۔ کلفٹن (اپ پ) وفاقی وزیر تجارت میاں ... نے انکشاف کیا ہے کہ حکومت ایک نئی سکیم نافذ کرنے والی ہے جس کے تحت ملک سے باہر کام کرنے والے پاکستانی اپنی آمدنی سے کارخانوں کی مشینری خرید کر وطن بھیج سکیں گے تاکہ ملک میں نئے کارخانے لگائے جا سکیں۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ سکیم تمام پاکستانیوں کے لئے ہوگی اور وہ انفرادی حیثیت سے ...



احمد رضا قصوری وطن واپس پہنچ گئے

راولپنڈی ۔۔۔ نمائندہ خصوصی ... مسٹر احمد رضا خان قصوری بیرون ملک کے ... دورے کے بعد اسلام آباد پہنچ گئے ...

مغربی جرمنی سے ۲۴۰ مزید پاکستانی وطن واپس آگئے

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) مغربی برلن میں غیر قانونی ... ۲۴۰ پاکستانیوں کو وطن واپس بھیجا جا رہا ہے ... ایک طیارہ آج کراچی پہنچ گیا۔

باہمی اختلافات کسی قسم کی بیرونی مداخلت کے بغیر طے ہونے چاہئیں: ترکئی


میں آپ کو سرحد کے پار پُر امن فضا کا یقین دلاتا ہوں: جنرل ضیاء الحق

افغان وزیراعظم نے دورۂ پاکستان کی دعوت قبول کرلی

کابل ۔۔۔ (اپ پ) پاکستان کے چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل محمد ضیاء الحق اور افغانستان کے صدر نور محمد ترکئی کے مابین ... بات چیت کے دوران اس امر پر مکمل اتفاق پایا گیا کہ دونوں ملکوں کے مابین اختلافات بات چیت کے ذریعے حل کیے جانے چاہئیں ...

لندن سے پاکستانی ٹیسٹ کھلاڑیوں کی واپسی

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) پاکستان کے تین ٹیسٹ کھلاڑی ... ماجد خان، عمران اور جاوید میانداد آج لندن سے یہاں پہنچ گئے ... پاکستان کے سابق کپتان مشتاق محمد اور آصف اقبال سوموار کو پہنچ جائیں گے ...



جنرل ضیاء الحق مشہد میں حضرت امام رضا کے مزار پر حاضری دینے کے بعد واپس آرہے ہیں

جنرل ضیاء کی پریس کانفرنس کی

جھلکیاں

بین الاقوامی تعلقات

میں وسیع القلبی کا

مظاہرہ

افغانستان سے کیجئے

مجھے بھی پی این

اے کا آدمی کہا جاتا ہے

شاید آپ سو گئے ہیں

کراچی ۲۷ ستمبر (نمائندہ خصوصی) چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ضیاء الحق سے پریس کانفرنس کے دوران افغانستان میں ... پختونستان منانے جانے کے بارے میں ایک سوال کیا گیا۔ جس کے جواب میں انہوں نے کہا کہ میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ بین الاقوامی تعلقات کے ضمن میں ہمیں وسیع القلبی کا مظاہرہ کرنا چاہیئے ہم افغانستان سے یہ نہیں کہہ سکتے کہ محض اس بات سے آپ سے کمی ہوگئی۔

ایک اخبار نویس نے سوال کیا کہ آپ کے وفد میں قومی اتحاد سے تعلق رکھنے والا کوئی وزیر شامل نہیں ہے جنرل ضیاء الحق نے ہنستے ہوئے کہا کہ ... مجھے بھی پی این اے کا آدمی کہتے ہیں ...

ایک سوال کے جواب میں چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے کہا کہ وہ وزراء کی بڑی تعداد کو اس لئے ساتھ نہیں لے گئے تھے ...



مفتی محمود نے کابینہ

میں اتحاد کے وزراء

کا اجلاس طلب کر لیا

وزراء اپنی کارکردگی کی

رپورٹ پیش کریں گے

مسائل حل کرنے کے لیے لائحہ عمل تیار کیا جائے گا

بھارت میں ہریجنوں نے خود مختار ریاست کے قیام کا مطالبہ کر دیا

آزادی کے وقت ہمارے ساتھ کیا گیا مساوی حقوق کا وعدہ جھوٹا ثابت ہوا ہے: سنت سنگھ



تارکین وطن کی جوان اولاد کا پریشان کن مسئلہ

وہ انگریز لڑکی بن گئی، جو چند ماہ میں ہی مسز الف بن گئی



تحریر: طاہر جمیل نورانی، لندن

دیارِ غیر میں مقیم ایشیائی جہاں محنت مزدوری کرکے چار پیسے کمانے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ وہاں وہ مختلف ذہنی پریشانیوں میں مبتلا ہیں اور اکثر سوچا جاتا ہے کہ کیا ان پریشانیوں کا کوئی معقول سدِ باب کرنا ممکن ہے۔

ہم پاکستانی اکثر وطن عزیز میں بیٹھ کر تہذیب مغرب یا اس کے معاشرہ کو اکثر موضوعِ سخن بناتے ہیں، اور پھر ایک دوسرے سے بازی جیتنے کی خاطر کافی لمبی چوڑی تقاریر کر دیتے ہیں۔ عریانی، فحاشی، انگریز کے چھوت سے ہم خود اپنے آپ کو ایک حقیر قوم سے منسوب کر دیتے ہیں۔ تاکہ برطانیہ میں مقیم ایشیائیوں کی آئندہ آنے والی نسل متنفر ہو کر کوئی بیرون ممالک ایسے قدم اٹھائے جس سے پوری پاکستانی قوم کی عزت اور ملکی وقار پر حرف آئے۔ ہم اکثر مغربی معاشرہ کے بُرے پہلوؤں کو ہی زیرِ بحث لاتے ہیں۔ جو عیاشی، فحاشی، عریانی وغیرہ ہیں۔ لیکن دکھ تو اس بات کا ہے کہ ہم ...

برطانیہ میں مقیم ایک پاکستانی کے تاثرات

بھٹو نے اعلیٰ عدالتوں کا مذاق اڑایا اور جھوٹ، گمراہ کن اور بے بنیاد الزامات لگائے

بے دریغ الزامات لگا کر وہ ان اداروں کو تباہ کرنے کا ارادہ رکھتا ہے

فاضل عدالت کو اس قسم کے مہم جو افراد کے بارے میں بھی واضح فیصلہ صادر کرنا چاہیے

بھٹو کی اپیل کی سماعت کے دوران خصوصی سرکاری وکیل کے دلائل

دنیا میں ایسی کوئی مثال نہیں ملتی کہ ملزم کو اپنی پسند کے جج منتخب کرنے کا حق دیا جائے

راولپنڈی — (نمائندہ خصوصی) سپریم کورٹ میں آج سپیشل پبلک پراسیکیوٹر مسٹر اعجاز حسین بٹالوی نے نواب محمد احمد قتل کیس میں اپیلز کی سماعت کے دوران اس بات پر زور دیا کہ اپیل کنندہ بھٹو وغیرہ کو درست سزائیں دی گئی ہیں اس لئے ان کی اپیلیں مسترد کر دی جائیں۔ ...

عظیم تر بلوچستان کے پسِ پردہ روسی سازش کارفرما ہے

روس کے جاسوسی ادارے کا خفیہ نقشہ ایرانی حکام کے ہاتھ لگ گیا

افغانستان کو پاکستان اور ایران میں شورش کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے: "ٹائم" کا انکشاف

اسلام آباد — امریکہ کے مشہور ہفت روزہ "ٹائم" ... ایک حقیقت کی وضاحت ضرور کرتی ہے۔ پاکستان کی اس وقت سب سے بڑی خواہش یہ ہے کہ اس کی سلامتی کے تحفظ اور خطہ کے لئے زیادہ سے زیادہ امداد حاصل ہو۔

پروفیسر خورشید احمد وزیر تجارت کے بھی فرائض انجام دیں گے!

راولپنڈی — (اے پ پ) چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر نے ہدایت کی ہے کہ وزیر تجارت مسٹر زاہد سرفراز کی ملک سے عدم موجودگی کے دوران ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر خورشید احمد وزارت تجارت کے اختیارات بھی ...

Introduce
Crescent To A friend


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا و بیشتر رسالت اخبار

پندرہ روزہ **کریسنٹ** انٹرنیشنل

ٹورانٹو کینیڈا

جلد: ۷ | ۲۸ شوال ۱۳۹۸ھ | یکم اکتوبر ۱۹۷۸ء | شمارہ: ۱۴



اس سے بچوں کی نیکریں بنا دو...... ابھی تین وزارتیں باقی ہیں!

صدر کا عہدہ خالی ہونے کی صورت میں نئے صدر کے انتخاب تک —

چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر قائم مقام صدر کے فرائض سنبھال سکتا ہے

نئے صدر کو قرآن و سنت کے احکامات کی پابندی اور نظریہ پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھانا ہوگا

صدر فضل الٰہی چودھری نے صدر کی جانشینی کا حکم جاری کر دیا

راولپنڈی — اے پی پی۔ صدر مملکت مسٹر فضل الٰہی چودھری نے آج صدر کی جانشینی کا حکم مجریہ ۱۹۷۸ء جاری کر دیا ہے جس کے تحت صدر کا عہدہ خالی ہونے کی صورت میں چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر یا ان کا نامزد کردہ نمائندہ صدر کا عہدہ سنبھال سکے گا اور اس عہدے پر اس وقت تک فائز رہے گا جب تک آئینی تقاضوں کے تحت نئے صدر کا انتخاب عمل میں نہیں آ جاتا۔ اس حکم کے تحت اگر چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر عہدہ صدارت پر فائز ہوتے ہیں تو وہ آئین کے تحت صدر کے انتخاب یا اپنے نامزد کے نامزدگی تک اس عہدے پر کام کرتے رہیں گے۔ صدر کی وفات، ذہنی یا جسمانی معذوری یا کسی وجہ کی بنا پر اپنے عہدہ سے سبکدوش یا استعفیٰ سے مستعفی ہونے کی صورت میں نئے صدر کو یہ حلف اٹھانا ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت، قرآن پاک اور آسمانی صحیفوں اور یوم قیامت پر مکمل ایمان رکھتا ہے اور قرآن و سنت کے احکام کا پابند رہے گا۔ اسے یہ حلف بھی اٹھانا پڑے گا کہ وہ اسلامی نظریے کی حفاظت کے لئے کوشاں رہے گا۔ جو قیام پاکستان کی اساس تھا۔ یہ حکم فی الفور نافذ العمل ہوگا اور آئین میں پہلے سے موجود کسی قانون سے متصادم نہیں ہوگا۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے سوا ہر وہ شخص جسے صدارت کے لئے نامزد کیا جائے گا عہدے کے لئے مقررہ تنخواہ، الاؤنسوں اور دیگر مراعات و استحقاق کا مستحق ہوگا۔ چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کے سوا دوسرا کوئی شخص جو صدر بنے گا چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر کو استعفیٰ پیش کر کے اپنے عہدے سے سبکدوش ہو سکے گا۔ عہدہ صدارت پر متمکن کوئی شخص اگر اس حکم کے نفاذ سے فوراً قبل مستعفی یا سبکدوش ہوگا تو اسے صدر کی تنخواہ، الاؤنس اور مراعات کے ایکٹ مجریہ ۱۹۷۵ء کے تحت رخصت پر جانے کا حق حاصل ہوگا اور اسے رخصت الاؤنس بھی ملے۔

جنرل ضیاء الحق سیاست میں حصہ لینا چاہیں تو انہیں سیاسی پارٹی بنا لینی چاہئے: اصغر خان

تین یا چار جماعتوں کو گٹھ جوڑ کر کے اقتدار پر قابض رہنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

انتظامیہ کی طرف سے ممانعت کے باوجود اصغر خان نے کراچی کے اجتماع سے خطاب کیا

کراچی — (نمائندہ خصوصی) تحریک استقلال کے سربراہ ایئر مارشل ریٹائرڈ اصغر خان نے کہا ہے کہ میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ جنرل ضیاء الحق کا کرسی کو چھوڑنے کا کوئی ارادہ نہیں۔ تین یا چار سیاسی جماعتوں نے گٹھ جوڑ یا سازش کر کے یہ طے کیا کہ وہ کرسی پر فائز رہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ایسا کر سکیں گے۔ ہم ایسا کرنے کی اجازت نہیں دیں گے اور ایسا نہیں ہو سکتا وہ آج شام کراچی میں برنس روڈ کی ایک گلی میں پارٹی کارکنوں کے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ اس سے قبل انہیں کراچی کی انتظامیہ نے کہا تھا کہ وہ اس جگہ اجتماع نہ کریں بلکہ کسی ہال میں اجتماع کریں۔ اصغر خان نے انتظامیہ سے کہا کہ ۲۹ جلسے کا اعلان ہو چکا ہے اس لیے بہرحال جلسہ منعقد ہوگا۔

انہوں نے اپنی تقریر میں کہا کہ جنرل ضیاء نے ۱۳ جون کو ایبٹ آباد مجھ سے ملاقات کی تھی اور یقین دلایا تھا کہ انتخابات سے ساٹھ دن قبل حکومت مستعفی ہو جائے گی لیکن تین مہینوں سے مسلسل کہہ رہے ہیں کہ انتخابات ہم منعقد کرائیں گے۔ اصغر خان نے مطالبہ کیا کہ صورت حال کی صاف الفاظ میں وضاحت کی جائے اور سچے مسلمان کی حیثیت سے اپنے وعدے کو پورا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صدر ضیاء الحق نے کہا ہے کہ مناسب آدمی ملتے ہی وہ عہدہ صدارت اس کے سپرد کر دیں گے۔ ایسا کرنے کا انہیں کوئی حق نہیں ہے یہ فیصلہ کرنے کا حق صرف عوام کو ہے انہوں نے کہا کہ جنرل ضیاء اگر سیاست میں آنا چاہتے ہیں تو انہیں چاہئے کہ وہ وردی اتار کر سیاست میں آئیں۔ سیاسی پارٹی بنائیں بہت سے لوگ ان کے ساتھ ہو جائیں گے۔ اگر ایسا کرنا چاہتے ہیں تو انہیں صاف صاف بات کرنی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ جنرل ضیاء الحق ۵ جولائی ۱۹۷۷ء کے بعد سے سیاست دان بن گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ ۱۴ ماہ میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ اسلامی نظام مساوات محمدی اور انصاف کے لیے کوئی قدم نہیں اٹھایا گیا۔

انہوں نے الزام لگایا کہ سول حکومت میں شامل جماعتیں انتخاب اور جمہوریت پر ایمان نہیں رکھتیں۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے امیر نے نئے صدر کو مبارکباد کا پیغام بھیجا ہے لیکن انتخاب کرانے کا مطالبہ نہیں کیا۔ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ اسلامی نظام ایک دن میں قائم نہیں ہو سکتا۔ اگر ایسا ہے تو انہوں نے یہ کیوں کہا کہ ۸ اکتوبر کو اسلام کا سورج طلوع ہوگا۔ یہ منافقت اور فریب دہی ہے انہوں نے کہا یہ بھی غلط ہے کہ ایک پارٹی نے پاکستان قائم کیا تھا اور برصغیر کے مسلمانوں نے تحریک پاکستان کا ساتھ دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جس نظام میں غریب آدمی کو یہ احساس نہ ہو کہ اس کے مسائل حل ہو رہے ہیں اسے اسلامی نظام نہیں کہا جا سکتا۔

انہوں نے کہا کہ اکتوبر ۱۹۷۰ء میں بہترین انتخابی فضا موجود تھی اور انتخابات ملتوی کرنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی پارٹیوں کی نگرانی میں ہونے والے انتخابات کو تسلیم نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں انقلاب آ چکا ہے اور ایران کے حالات مشکوک ہیں۔ ان حالات میں پاکستان میں ایک ایسی حکومت کا قیام بہت ضروری ہے جس پر عوام کو پورا بھروسہ ہو اور وہ ہر لحاظ سے مضبوط ہو۔

انہوں نے اپنے دورہ چین کے بارے میں کہا کہ ہم نے اسلام کو ہی معذرت کے ساتھ عرض کروں گا کہ میں نے اسلام دیکھا تو چین میں دیکھا۔ وہ لوگ اللہ کو نہیں مانتے ہم یہ نہیں کہتے کہ وہ نظام یہاں رائج کیا جائے لیکن عام آدمی سے لے کر انتظامیہ کے سربراہ تک لوگ سخت محنت اور سادگی سے زندگی گزارتے ہیں اور بہت خوشحال ہیں۔ انہوں نے کہا ہمیں اس نظام سے سبق لینا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ دورہ کرنے والی ٹیم کے ایک رکن دورہ چین پر ایک مقالہ لکھ رہے ہیں جسے جلد ہی اخبارات میں شائع کرایا جائے گا۔

صدر مملکت کو ان کی اپنی خواہش پر سبکدوش کیا جا رہا ہے

جنرل ضیاء الحق بدستور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور بری فوج کے سربراہ بھی ہوں گے

اسلام آباد — (ہیڈ رپورٹ) سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ صدر فضل الٰہی چودھری ۱۶ ستمبر کو ہفتے کے روز اپنے عہدے سے سبکدوش ہو جائیں گے اور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر جنرل ضیاء ساتھ ہی اسی تاریخ سے یہ عہدہ سنبھال لیں گے۔ مسٹر چودھری قواعد کے مطابق رخصت کے مستحق ہوں گے۔ صدر فضل الٰہی چودھری اپنے عہدے کی میعاد ختم ہونے پر اپنی خواہش کے مطابق اپنے عہدے سے سبکدوش ہو رہے ہیں۔ سرکاری اعلان میں کہا گیا ہے کہ جنرل محمد ضیاء الحق ۱۶ ستمبر کو ہفتے کے روز شام ۵ بجے صدر پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھائیں گے۔ پاکستان کے چیف جسٹس مسٹر جسٹس شیخ انوار الحق ان سے صدر کے عہدے کا حلف لیں گے۔ جنرل ضیاء بدستور چیف مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر رہیں گے اور صدر کے عہدے کے ساتھ ساتھ اپنے سربراہی فوج کی ذمہ داری بھی سرانجام دیتے رہیں گے۔

مسٹر فضل الٰہی چودھری کو ۱۹۷۳ء کے آئین کے تحت پانچ سال کے لئے صدر پاکستان منتخب کیا گیا تھا۔ ان کے عہدے کی میعاد گذشتہ سال اگست کو ختم ہو گئی تھی لیکن بتایا گیا تھا کہ وہ آئندہ انتخابات تک عہدہ صدارت پر فائز رہیں گے۔ اب گذشتہ ایک ہفتے سے یہ بات واضح ہو گئی تھی کہ وہ اپنے عہدے کی میعاد ختم ہونے پر سبکدوش ہونا چاہتے ہیں۔

